چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

1

نماز کی اہمیت

لا تُضَيِّعُوا صَلاتَكُمْ، فَإِنَّ مَنْ ضَيَّعَ صَلاتَهُ، حُشِرَ مَعَ قَارُونَ وَ هامانَ، وَ كانَ حَقّاً عَلَى اللهِ أنْ يُدْخِلَهُ النّارَ مَعَ الْمُنافِقِينَ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

اپنی نمازوں کو ضایع نہ کرو اس لئے کہ جو شخص اپنی نماز کو ضائع کرے گا وہ قارون و ہامان کے ساتھ محشور ہو گا اور اللہ حق رکھتا ہے کہ اسے منافقین کے ہمراہ جہنم میں ڈال دے۔

(وسائل الشیعۃ؛ ج ۴، ص ۳۰، ح ۴۴۳۱)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak +92-304-4360372

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چہل احادیث حضرت محمد 2

مسجد آنے جانے کا ثواب

مَنْ مَشٰی إلٰی مَسْجِدٍ مِنْ مَساجِدِ اللّٰهِ، فَلَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ خَطاها حَتّٰی يَرْجِعَ إلٰی مَنْزِلِهِ، عَشْرُ حَسَناتٍ، وَمَحٰی عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئاتٍ، وَرَفَعَ لَهُ عَشْرُ دَرَجاتٍ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

جو شخص مساجد الٰہی میں سے کسی ایک کی جانب قدم اٹھائے تو گھر واپس آنے تک اس کے ہر قدم پر دس نیکیاں ہیں اور اس کی دس برائیاں محو ہو جاتی ہیں اور اس کے دس درجے بڑھا دیئے جاتے ہیں۔

(عقاب الاعمال؛ ص ۳۴۳، س ۱۴۔ وسائل الشیعہ ؛ ج ۵، ص ۲۰۱، ح ۶۳۲۸)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چہل احادیث حضرت محمد

3

نماز کو آرام وسکون سے ادا کرو

بَیْنَما رَسُولُ اللہِ (صلی اللہ علیہ وآلہ) جالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ،
إِذْ دَخَلَ رَجُلٌ فَقامَ يُصَلّی، فَلَمْ يُتِمَّ رُكُوعَهُ وَلا سُجُودَهُ، فَقالَ:
نَقَرَ كَنَقْرِ الْغُرابِ، لَئِنْ ماتَ هذا وَهکَذا صَلوتُهُ لَيَمُوتَنَّ عَلی غَيْرِ دِينی.

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے کہ
اتنے میں ایک شخص داخل ہوا اور نماز پڑھنے لگا اور رکوع وسجدوں کو
کامل طریقہ سے بجانہ لایا آنحضرت (ص) نے فرمایا: کوّے کی طرح چونچ مار رہا ہے،
اگر یہ اسی طرح نماز پڑھتے ہوئے مرجائے تو میرے دین پر نہیں مرا ہے۔

(وسائل الشعۃ؛ ج ۴، ص ۳۱، ح ۴۴۳۴)

الھدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

4

شانِ علی علیہ السلام مثل شانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

أنا رَسُولُ اللهِ الْمُبَلِّغُ عَنْهُ،

وَأنْتَ وَجْهُ اللهِ وَالْمُؤْتَمُّ بِهِ، فَلا نَظيرَ لي إلاّ أنْتَ، وَلا مِثْلَ لَكَ إلاّ أنَا.

آنحضرت (ص) نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا:

میں اللہ کا فرستادہ اور اس کی طرف سے تبلیغ کرنے والا ہوں اور تم وجہ اللہ اور مقتدا ہو میری تمہارے سواء کوئی نظیر نہیں اور تمہارا میرے سواء کوئی مثل نہیں۔

(تفسیر البرھان، ج ۴، ص ۱۸۴، س ۲۴)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

5

دنیا مومن کی نگاہ میں

یا أباذر، اَلدُّنیا سِجنُ الْمُؤمِنِ وَ جَنَّةُ الْكافِرِ، وَ ما أصْبَحَ فیها مُؤمِنٌ إلاّ وَ هُوَ حَزینٌ، وَ كَیفَ لا یَحزُنُ الْمُؤمِنُ وَ قَدْ أوعَدَهُ اللّهُ أنَّهُ وارِدُ جَهَنَّمَ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

اے ابوذر! دنیا مومن کا قید خانہ اور کافر کی جنت ہے

مومن اس میں ہمیشہ محزون و مغموم رہتا ہے اور کیونکر مومن اس میں محزون نہ رہے کہ خدا نے اس کو (گناہوں کے مقابل) جہنم میں ڈالنے کی دھمکی دی ہے۔

(امالی طوسی؛ ج ۲، ص ۱۴۲)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث حضرت محمد 6

بدترین انسان

شَرُّ النّاسِ مَن باعَ آخِرَتَهُ بِدُنياهُ،
وَشَرٌّ مِن ذلِكَ مَن باعَ آخِرَتَهُ بِدُنيا غَيرِهِ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

بدترین آدمی وہ ہے جو اپنی دنیا کی خاطر آخرت کو بیچ دے
اور اس سے بدتر وہ ہے جو دوسرے کی دنیا کی خاطر اپنی آخرت داؤ پر لگا دے۔

(من لایحضرہ الفقیہ: ج ۴، ص ۳۵۳، ح ۵۷۶۲)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث حضرت محمد

7

رسول خداؐ کو امت کیلئے تین چیزوں کا خوف

ثَلاثَةٌ أخافُهُنَّ عَلى اُمَّتى:

اَلضَّلالَةُ بَعْدَ الْمَعْرِفَةِ، وَ مُضِلاّتُ الْفِتَنِ، وَ شَهْوَةُ الْبَطْنِ وَ الْفَرْجِ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

میں اپنی امت کے لئے تین چیزوں سے ڈرتا ہوں،

- معرفت کے بعد گمراہی سے
- فتنوں کی گمراہیوں سے
- شکم وشرمگاہ کی شہوت سے

(امالی طوسی: ج ۱ص ۱۳، بحارالانوار: ج ۱۰ص ۳۶۸، ح ۱۵)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

8

تین گناہوں کی سزا مؤخر نہیں ہوتی

ثَلاثَةٌ مِنَ الذُّنوبِ تُعَجَّلُ عُقوبَتُها وَلا تُؤَخَّرُ إلى الآخِرَةِ:
عُقوقُ الْوالِدَیْنِ، وَالْبَغْیُ عَلَى النّاسِ، وَکُفْرُ الاْحْسانِ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

تین گناہوں کی سزا جلدی مل جاتی ہے اور اسے آخرت پر نہیں ٹالا جاتا،

والدین کا عاق ہونا

لوگوں پر سرکشی کرنا

نیکی کا برائی سے بدلہ دینا

(امالی طوسی؛ ج۱، ص ۱۳، بحارالانوار؛ ج ۷۰، ص ۳۷۳، ح ۷)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چہل احادیث حضرت محمد

9

عاجز ترین وبخیل ترین انسان

إِنَّ أَعْجَزَ النّاسِ مَنْ عَجَزَ عَنِ الدُّعاءِ،

وَإِنَّ أَبْخَلَ النّاسِ مَنْ بَخِلَ بِالسَّلامِ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

سب سے بڑا ناتوان انسان، دعاؤں سے عاجز انسان ہے

اور سب سے بڑا بخیل سلام میں بخل کرنے والا ہے۔

(بحارالانوار؛ ج۹۰، ص۲۹۱، ح۱۱)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث حضرت محمد

10

ملاقات اور جدائی کے وقت کیا کریں؟

إذا تَلاقَيتُم فَتَلاقُوا بِالتَّسليمِ وَالتَّصافُحِ، وَإذا تَفَرَّقتُم فَتَفَرَّقُوا بِالاِستِغفارِ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

جب ایک دوسرے سے ملاقات کرو تو **سلام** اور **مصافحہ** کے ساتھ ملاقات کرو اور جب ایک دوسرے سے جدا ہو تو طلب **مغفرت** کے ساتھ جدا ہو۔

(امالی طوسی: ج۱، ص۲۱۹)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

چہل احادیث حضرت محمد

11

صدقہ کی اہمیت

بَکِرُوا بِالصَّدَقَةِ، فَإِنَّ الْبَلاءَ لا يَتَخَطَّاها

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

دن کا آغاز صدقہ سے کرو کہ صدقہ بلاؤں کو دور کرتا رہتا ہے۔

(امالی طوسی؛ ج۱، ص۱۵۷)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

12

اعمال صالح اور قبر سے نجات

يُؤتَى الرَّجُلُ فِى قَبْرِهِ بِالْعَذابِ، فَإذا اُتِيَ مِنْ قِبَلِ رَأسِهِ دَفَعَتْهُ تِلاوَةُ الْقُرآنِ،
وَإذا اُتِيَ مِنْ قِبَلِ يَدَيْهِ دَفَعَتْهُ الصَّدَقَةُ، وَإذا اُتِيَ مِنْ قِبَلِ رِجْلَيْهِ دَفَعَهُ مَشْيُهُ إلَى الْمَسْجِدِ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

انسان کو قبر میں جب عذاب سے دوچار ہونا پڑتا ہے پس اگر سرہانے کی جانب سے عذاب آیا تو تلاوت قرآن اسے دفع کرتی ہے۔ اور اگر سامنے سے تو صدقہ اسے دفع کرتا ہے اور اگر پیروں کی طرف سے عذاب آتا ہے تو مسجد جانے کا ثواب اسے دفع کرتا ہے۔

(مسکن الفؤاد شہید ثانی؛ ص ۵۰، س ۱)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المهدی

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

13

دنیا اور آخرت میں لوگوں کے سردار

سادَةُ النّاسِ فِي الدُّنيا الأسخياء، سادَةُ النّاسِ فِي الاخِرَةِ الأتقياء

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

دنیا میں لوگوں کے سردار سخی لوگ ہیں
اور آخرت میں لوگوں کے سردار متقی لوگ ہیں۔

(اعیان الشیعہ؛ ج۱، ص ۳۰۲)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المهدی

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

14

تواضع سربلندی کا باعث

مَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ إِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

کوئی بھی تواضع وانکساری نہیں کرے گا
مگر یہ کہ خدا اسے سربلند کردے گا۔

(بحارالانوار؛ ج ۷۲، ص ۱۲۰، ح ۷)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث حضرت محمد

رب العالمین کی طرف سے نو چیزوں کی وصیت

أَوْصانی رَبّی بِتِسْع: أَوْصانی بِالْاِخْلاصِ فِی السِّرِّ وَ الْعَلانِیَةِ،
وَ الْعَدْلِ فِی الرِّضا وَ الْغَضَبِ، وَ الْقَصْدِ فِی الْفَقْرِ وَ الْغِنی، وَ أَنْ أَعْفُوَ عَمَّنْ ظَلَمَنی،
وَ أُعْطِیَ مَنْ حَرَمَنی، وَ أَصِلَ مَنْ قَطَعَنی، وَ أَنْ یَکُونَ صُمْتی فِکْراً، وَ مَنْطِقی ذِکْراً، وَ نَظَری عِبَراً.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

میرے پروردگار نے مجھ سے نو چیزوں کی سفارش کی ہے۔ جلوت وخلوت میں اخلاص کی،
خوشی وغضب میں عدالت کی، فقر وثروت میں میانہ روی کی، جس نے مجھ پر ظلم کیا ہے اسے معاف کر دینے کی،
جس نے مجھے محروم رکھا ہے اسے عطا کرنے کی، جس نے مجھ سے قطع تعلق کیا اس سے رابطہ کی،
اور یہ کہ میری خاموشی تفکر کے لئے ہو اور میری گفتار ذکر اور میری نظر عبرت کے لئے ہو۔

(اعیان الشیعۃ؛ ج ۱، ص ۳۰۰)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

16

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دین پر صبر کرنے والا

يَأْتي عَلَى النّاسِ زَمانٌ،
الصّابِرُ مِنْهُمْ عَلى دينِهِ كَالْقابِضِ عَلَى الْجَمَرِ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ جس میں اپنے دین پر صبر کرنے والا، ہاتھ میں انگارا تھامنے والے کے مانند ہے۔

(بحارالانوار؛ ج ۲۸، ص ۴۷، ح ۹)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چہل احادیث حضرت محمد

17

علماء سے دوری کا نتیجہ

سَيَأتي زَمانٌ عَلى أُمَّتي يَفِرُّونَ مِنَ الْعُلَماءِ كَما يَفِرُّ الْغَنَمُ مِنَ الذِّئْبِ، إبْتَلاهُمُ اللهُ بِثَلاثَةِ أشْياءَ: الأوَّلُ: يَرْفَعُ الْبَرَكَةَ مِنْ أمْوالِهِمْ، وَ الثّاني: سَلَّطَ اللهُ عَلَيْهِمْ سُلْطاناً جائِراً، وَ الثّالِثُ: يَخْرُجونَ مِنَ الدُّنْيا بِلا إيمان.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

میری امت پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جس میں لوگ علماء سے اس طرح بھاگیں گے جس طرح بھیڑ بھیڑیوں سے بھاگتے ہیں اور پھر اللہ انھیں تین امتحان میں مبتلا کرے گا:
(۱) ان کے اموال سے برکت اٹھا لے گا، (۲) ان کے اوپر ظالم حکمراں کو مسلط کردے گا، (۳) وہ دنیا سے بے ایمان اٹھیں گے۔

(مستدرک الوسائل؛ ج۱۱، ص۳۷۶، ح۱۳۳۰۱)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

18

طالب علم کی منزلت

اَلْعالِمُ بَیْنَ الْجُهّالِ کَالْحَیّ بَیْنَ الْاَمْواتِ، وَ إنَّ طالِبَ الْعِلْمِ یَسْتَغْفِرُلَهُ کُلُّ شَیءٍ حَتّی حیتانِ الْبَحْرِ، وَ هَوامُّهُ، وَ سُباعُ الْبَرِّ وَ أنْعامُهُ، فَاطْلُبُوا الْعِلْمَ، فَإنّهُ السَّبَبُ بَیْنَکُمْ وَ بَیْنَ اللهِ عَزَّوَجَلَّ، وَإنَّ طَلَبَ الْعِلْمِ فَریضَةٌ عَلی کُلِ مُسْلِم.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

جاہلوں کے درمیان عالم، مردوں کے درمیان زندہ کی طرح ہے۔ اور بے شک طالب علم کے لئے ہر شئے یہاں تک کہ سمندر کی مچھلیاں اور اس کے حشرات، خشکی کے درندے اور چوپائے استغفار کرتے ہیں لہٰذا علم حاصل کرو کہ علم تمہارے اور خدا کے درمیان واسطہ ہے اور علم کا طلب کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

(بحارالانوار: ج۱، ص ۱۷۲، ح ۲۵)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

19

عالم کا مقام ومنزلت

مَنْ زارَ عالِماً فَكَأَنَّما زارَني، وَمَنْ صافَحَ عالِماً فَكَأَنَّما صافَحَني، وَمَنْ جالَسَ عالِماً فَكَأَنَّما جالَسَني، وَمَنْ جالَسَني فِي الدُّنيا أجلَسْتُهُ مَعي يَوْمَ الْقِيامَةِ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

جس نے کسی عالم کی زیارت کی گویا اس نے میری زیارت کی ہے اور جو کسی عالم سے مصافحہ کرے گویا اس نے مجھ سے مصافحہ کیا ہے اور جو کسی عالم کی ہمنشینی اختیار کرے گویا اس نے میری ہمنشینی اختیار کی ہے اور جو دنیا می میرا ہم نشین ہوگا میں اخرت میں اس کا ہم نشین ہوں گا۔

(مستدرک الوسائل؛ ج ۱۱، ص ۳۰۰، ح ۲۱۴۰۶)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المهدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

20

شریک حیات کا انتخاب

مَنْ تَزَوَّجَ إمْرَأةً لِمالِها وَكَلَهُ اللهُ إلَيْهِ،
وَمَنْ تَزَوَّجها لِجَمالِها رَأى فيها ما يَكْرَهُ، وَمَنْ تَزَوَّجها لِدينِها جَمَعَ اللهُ لَهُ ذلِكَ.

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

جو کسی عورت سے اس کے مال کی وجہ سے ازدواج کرے گا اللہ تعالیٰ اسے اسی (مال) کے حوالے کردے گا اور جو اس کے جمال وخوبصورتی کی خاطر ازدواج کرے گا۔ اسے، اس (عورت) میں ناپسند چیزیں دیکھنا پڑیں گی۔ اور جو اس سے اس کے دین کی خاطر ازدواج کرے گا خدا اس کے لئے تمام چیزوں (مال جمال اور دین) کو یکجا کردے گا۔

(تہذیب الاحکام؛ ج ۷، ص ۳۹۹، ح ۵)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

21

کم خوری کے اثرات

مَنْ قَلَّ طَعامُهُ، صَحَّ بَدَنُهُ، وَصَفا قَلْبُهُ،
وَمَنْ كَثُرَ طَعامُهُ سَقُمَ بَدَنُهُ وَقَسا قَلْبُهُ.

جس کی خوراک کم ہوگی اس کا بدن تندرست،
دل پاکیزہ ہوجائے گا اور جس کی خوراک زیادہ ہوگی
اس کا بدن مریض اور دل سخت ہوجائے گا۔

(تنبیہ الخواطر، (مجموعہ ورام)؛ ص ۵۴۸،)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

22

زیادہ خوری کے اثرات

لا تُشْبِعُوا، فَيُطْفأُ نورُ الْمَعْرِفَةِ مِنْ قُلُوبِكُمْ

پیٹ بھر کر نہ کھاؤ کہ تمہارے دلوں میں معرفت کا نور خاموش ہو جائے گا۔

(مستدرک الوسائل؛ ج ١٦، ص ٢١٨، ح ١٩٦٤٦)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

23

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نااہل کا ذمہ داری لینا

مَنْ تَوَلّٰى عَمَلاً وَهُوَ يَعْلَمُ

أَنَّهُ لَيْسَ لَهُ بِأَهْلٍ، فَلْيَتَبَوَّءْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ.

جو کسی کام کی ذمہ داری لے

حالانکہ وہ جانتا ہے کہ اس کام کی اہلیت نہیں رکھتا

اس کا ٹھکانہ آتش جہنم ہوگا۔

(تاریخ الاسلام؛ ج ۱۰۱۔۱۲۰، ص ۲۸۵)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المھدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

24

ضعیف مومن

إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيُبْغِضُ الْمُؤْمِنَ الضَّعِيفَ الَّذی لا دِينَ لَهُ،
فَقِيلَ: وَما الْمُؤْمِنُ الضَّعِيفُ الَّذی لا دِينَ لَهُ؟ قالَ: اَلَّذی لا يَنْهى عَنِ الْمُنْكَرِ.

خداوند متعال کمزور اور بے دین مومن کو ناپسند کرتا ہے،

سوال کیا گیا؛ کمزور اور بے دین مومن کون ہے؟

آنحضرت (ص) نے فرمایا: جو برائیوں سے منع نہیں کرتا ہے۔

(وسائل الشیعہ؛ ج۱۶، ص۱۲۲، ح۲۱۱۳۹)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث حضرت محمد 25

پوشیدہ صدقہ

صَدَقَةُ السِّرِّ تُطفِئُ الخَطيئَةَ،
كَما تُطفِئُ الماءُ النّارَ، وَ تَدفَعُ سَبعينَ باباً مِنَ البَلاءِ.

پوشیدہ صدقہ گناہ کی (آگ کو)
اس طرح بجھا دیتا ہے جس طرح پانی آگ کو بجھاتا ہے
اور ستر قسم کی بلاؤں کو دور کرتا ہے۔

(مستدرک الوسائل؛ ج ۷، ص ۱۸۴، ح ۷۹۸۴)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

26

گناہ سے پرہیز

عَجِبْتُ لِمَنْ يَحْتَمِي مِنَ الطَّعَامِ مَخَافَةَ الدَّاءِ،
كَيْفَ لَا يَحْتَمِي مِنَ الذُّنُوبِ مَخَافَةَ النَّارِ.

مجھے تعجب اس شخص پر جو
بیماری کے خوف سے خوراک میں تو پرہیز کرتا لیکن
آتش جہنم کے خوف سے گناہوں سے گریز نہیں رکتا ہے۔

(بحارالانوار؛ ج ۷۰، ص ۳۴۷، ح ۳۴)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak +92-304-4360372

چہل احادیث حضرت محمد

27

حب جاہ اور مال، نفاق کا باعث

حُبُّ الْجاهِ وَ الْمالِ یُنْبِتُ النِّفاقَ فِي الْقَلْبِ، کَما یُنْبِتُ الْماءُ الْبَقْلَ.

جاہ و مال کی محبت
دل میں نفاق پیدا کرتی ہے جس طرح
پانی سبزہ پیدا کرتا ہے۔

(تنبیہ الخواطر، معروف بہ مجموعہ ورام؛ ص ۲۶۴)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چہل احادیث حضرت محمد

28

حرام نگاہ

مَنْ اَصابَ مِنْ إمْرَأةٍ نَظْرَةً حَراماً، مَلاَ اللهُ عَيْنَيْهِ ناراً.

جو کسی نامحرم عورت پر نگاہ حرام کرے گا
خداوند متعال اس کی دونوں آنکھوں میں آگ بھر دے گا۔

(مستدرک الوسائل؛ ج ۱۴، ص ۲۷۰، ح ۱۶۶۸۵)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چہل احادیث حضرت محمد

29

بغیر حساب کے جنت میں داخلہ

حَسِّنُوا أَخْلاقَكُمْ، وَأَلْطِفُوا جيرانَكُمْ،
وَأَكْرِمُوا نِسائَكُمْ، تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِساب.

اپنے اخلاق کو اچھا کرو،
اپنے پڑوسیوں کے ساتھ نیک برتاؤ کرو،
اپنی عورتوں کا احترام کرو،
تو بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوجاؤ گے۔

(اعیان الشیعۃ؛ ج۱، ص۳۰۱)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دوستی کی اہمیت

اَلْمَرْءُ عَلٰى دِينِ خَلِيلِهِ، فَلْيَنْظُرْ أَحَدُكُمْ مَنْ يُخَالِطُ.

انسان اپنے دوست کے دین و مذہب پر ہوتا ہے
لہٰذا تمہیں یہ دیکھنا ہوگا کہ کس کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے ہو۔

(امالی طوسی؛ ج ۲، ص ۱۳۲،)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

31

نیکیوں کا ثواب کئی برابر

اَلصَّدَقَةُ بِعَشْرٍ،
وَالْقَرْضُ بِثَمانِيَةَ عَشَرَ، وَصِلَةُ الرَّحِمِ بِأَرْبَعَةٍ وَعِشْرِينَ.

صدقہ کا ثواب دس گنا ہے اور قرض کا ثواب اٹھارہ گنا اور صلۂ رحم کا ثواب چوبیس گنا ہے۔

(مستدرک الوسائل؛ ج ۷، ص ۱۹۴، ح ۸۰۱۰)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چہل احادیث حضرت محمد

32

بیماری گناہوں کا کفارہ

لا یَمرُضُ مُؤمِنٌ وَلا مُؤمِنَةٌ إلاّ حَطّ اللهُ بِهِ خَطایاهُ.

کوئی مومن یا مومنہ مریض نہیں ہوتے مگر یہ کہ خداوند متعال مرض کے ذریعہ ان کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

(جامع الاحادیث؛ ج ۳، ص ۸۹، ح ۳۵)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بزرگوں کا احترام

مَنْ وَقَّرَ ذا شَیْبَةٍ فِی الْاِسْلامِ أمَّنَهُ اللهُ مِنْ فَزَعِ یَوْمِ الْقِیامَةِ.

جو کسی بوڑھے (ڈاڑھی والے) مسلمان کا احترام کرے گا خداوند متعال اسے روز قیامت کے خوف سے محفوظ رکھے گا۔

(کافی؛ ج ۲، ص ۵۶۸ ـ ح ۳)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قیامت کے دن تمام آنکھیں اشکبار، سوائے تین آنکھوں کے

كُلُّ عَيْنٍ باكِيَةٌ يَوْمَ الْقِيامَةِ إلاّ ثَلاثَ أعْيُنٍ: عَيْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ، وَعَيْنٌ غُضَّتْ عَنْ مَحارِمِ اللّٰهِ، وَعَيْنٌ باتَتْ ساهِرَةً في سَبيلِ اللّٰهِ.

روز قیامت تمام آنکھیں اشکبار ہوں گی سوائے تین آنکھوں کے:

- وہ آنکھ جو خوف خدا سے گریہ کر چکی ہوگی
- وہ آنکھ جو خدا کے حرام کردہ چیزوں سے بند رہی ہوگی
- اور وہ آنکھ جو راہ خدا میں بیدار رہی ہوگی

(ثواب الاعمال؛ ص ۲۱۱، ح ۱)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

35

حلال کمائی

أَفْضَلُ الأعمالِ الكَسْبُ مِنَ الحَلالِ.

بہترین عمل حلال کمائی ہے۔

(کنزالعمال، ج4،ص4، ح9194)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

حب و بغض راہ خدا میں

أَفْضَلُ الأَعمالِ الحُبُّ فی اللّٰہِ وَ البُغْضُ فی اللّٰہِ.

بہترین عمل

خدا کے لئے دوستی

اور

خدا ہی کے لئے دشمنی ہے۔

(سنن ابی داود، کتاب السنہ، ح 3983)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

37

حدود الہی کا نفاذ

أَقِيمُوا حُدُودَ اللهِ فِی الْقَرِيبِ وَالْبَعِيدِ وَلَا تَأْخُذْكُمْ فِی اللهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ.

قریب اور دور کے لوگوں کے سلسلے میں حدود الہی قائم کرو اور ملامت کرنے والوں کی ملامت تمہیں اپنے اس عمل سے نہ روکے۔

(سنن ابن ماجہ، کتاب الحدود، ح 2531)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

38

بھائی کے حقوق کی رعایت

إذا أحَبَّ أحَدُكُم أخاهُ فَليُعلِمهُ فَإنَّهُ أصلَحُ لِذاتِ البَينِ.

ہرگاہ تم میں سے کوئی اپنے بھائی سے محبت کرتا ہے

وہ اس سے اپنی محبت کا اظہار کردے

کیونکہ یہ آپس کے دوستانہ تعلق کے لئے بہت ہی اچھا ہے۔

(مستدرک الوسائل، ج8، ص355)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی

imamiatarbiat.com imamiatarbiat.blogsky.com idara tarbiat iso-pak WhatsApp +92-304-4360372

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

39

ابوذر کو وصیت؛ پانچ چیزوں سے قبل پانچ چیزیں

يا أَباذَرٍّ اغْتَنِمْ خَمساً قَبلَ خَمسٍ: شَبابَكَ قَبلَ هَرَمِكَ وَصِحَّتَكَ قَبلَ سُقمِكَ وَغِناكَ قَبلَ فَقرِكَ وَفَراغَكَ قَبلَ شُغلِكَ وَحَياتَكَ قَبلَ مَوتِكَ.

اے اباذر! پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو:

- نوجوانی کو بڑھاپے سے پہلے
- تندرستی کو بیماری سے پہلے
- دولت وثروت کو غربت وناداری سے پہلے
- فارغ البالی کو مصروفیت سے پہلے
- زندگی کو موت سے پہلے

(وسائل الشیعہ، ج1، ص114)

المہدی
imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN

چہل احادیث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

40

مکارم اخلاق

عَلَيْكُمْ بِمَكَارِمِ الأُخْلاقِ، فَإِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ بَعَثَنِي بِهَا، وَإِنَّ مِنْ مَكَارِمِ الأُخْلاقِ:
أَنْ يَعْفُوَ الرَّجُلُ عَمَّنْ ظَلَمَهُ، وَيُعْطِيَ مَنْ حَرَمَهُ، وَيَصِلَ مَنْ قَطَعَهُ، وَأَنْ يَعُودَ مَنْ لا يَعُودُهُ.

تم پر مکارم اخلاق اپنانا لازم ہے اس لئے کہ اس کے ہمراہ اللہ نے مجھے مبعوث فرمایا ہے
اور مکارم اخلاق میں سے ایک یہ ہے کہ انسان اپنے اوپر ظلم کرنے والے کو معاف کر دے
جس نے اسے محروم رکھا ہے اسے عطا کرے جس نے قطع تعلق کر لیا ہے اس سے رابطہ قائم کرے
اور جو اس کی عیادت کو نہیں آیا ہے اس کی عیادت کو جائے۔

(بحار الأنوار: ج69 ص375 ح24)

imamiatarbiat.com
ادارہ تربیت اسلامی
ISO-PAKISTAN
المہدی